کی گئی ہے اُس میں "فَاِمَّا مَنًّا" کے بعد لفظ بعدُ رہ گیا ہے، لیکن یہ اور اِس طرح کی بعض اور معمولی فروگذاشتوں سے قطعِ نظر کتاب فی نفسہٖ مفید اور معلومات افزا ہے، اہلِ ذوق کو اس کے مطالعہ سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔

اسلام اور عدل و احسان : از مولانا رئیس احمد جعفری: تقطیع متوسط ضخامت ۳۹۱ صفحات کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد چھ روپیہ پچاس پیسے، پتہ:۔ ادارہ ثقافتِ اسلامیہ، کلب روڈ، لاہور،

اگر یہ پوچھا جائے کہ اسلام کی تمام تعلیمات کا حاصل اور اُس کی روح کیا ہے؟ تو صرف دو لفظوں میں اس کا جواب بجز اس کے اور کچھ نہیں ہوسکتا کہ عدل اور احسان، لیکن فاضل مؤلف کے بقول یہ بات بڑی ہی افسوسناک ہے کہ اس وقت ساری دنیا کے مسلمان مجموعی طور پر اپنی عملی زندگی میں ان سے اتنے ہی دور ہیں، پھر غیر مسلموں کا تو کہنا ہی کیا ہے۔ حالانکہ امنِ عالم کے قیام وبقا اور انسانی معاشرہ کے عروج وارتقاء کا دارومدار انہی دو چیزوں پر ہے، اس کتاب میں قرآن مجید، احادیثِ نبوی اور تاریخِ اسلام کی روشنی میں یہی بتایا گیا ہے کہ عدل و احسان کی تعریف اور حقیقت کیا ہے؟ ان کی اسلام میں کیا اہمیت ہے اور خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام اور دوسرے مسلمانوں نے اپنے عمل وفعل سے ان تعلیمات کا کس قدر حسین عملی نمونہ پیش کیا ہے، غرض کہ کتاب اپنے موضوع پر بہمہ وجوہ کامیاب ہے، زبان وبیان کی خوبی اور شگفتگی کے لئے فاضل مولف کا نام کافی ضمانت ہے۔

موضوعاتِ کبیر مترجم از مولانا حبیب الرحمٰن صاحب صدیقی کاندھلوی: تقطیع خورد۔ ضخامت چھ سو صفحات، کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد آٹھ روپیہ:

پتہ:۔ حاجی محمد سعید اینڈ سنز قرآن محل، مقابل مولوی مسافر خانہ، کراچی۔

مختلف وجوہ واسباب سے جب احادیث وضع ہونے لگیں اور اس قسم کی احادیث کثرت سے صحیح احادیث کے ساتھ خلط ملط ہو کر مسلمانوں میں رواج پانے لگیں تو متعدد علماء و ناقدینِ حدیث نے وقت کے اس عظیم فتنہ کی طرف توجّہ کی اور اس سلسلہ میں متنِ حدیث، اسناد، رواۃ کے نام اور ان کی مختلف قسمیں مثلاً مدلسین، مرسلین وغیرہ کے اعتبار سے ہر ہر موضوع پر الگ الگ کتابیں لکھیں، جن میں سے بعض طبع ہوگئی ہیں اور بعض اب تک مخطوطہ کی شکل میں ہیں، ان کتابوں میں محدثِ جلیل مُلّا علی قاری کی کتاب موضوعاتِ کبیر